بسم اللہ الرحمن الرحیم

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ
وعلی آلک واصحابک یاحبیب اللہ

گلزارفارسی

تصنیف

علامہ مفتی محمد ابراہیم اویسی

ناظم تعلیمات ومدرس جامعه اسلامیه کنزالایمان چك چاویکا بهاولنگر

برائے رابطہ: 03023737899

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتساب

شیخ کامل واکمل، شیخ المشائخ، واقف رموزِ حقیقت، غواص بحر معرفت،

عارف اسرارِ شریعت، جامع المعقول والمنقول، استاذ العلماء

فخر المدرسین، مجاہد اہلسنت حضرت علامہ مولانا مفتی

اللہ یار اشرفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

بانی مرکز اہلسنت جامعہ رضائے مصطفیٰ ٹرسٹ بہاول نگر

کے نام

جن کی نگاہ سے اللہ نے مردہ دلوں کو جِلاء بخشی۔

۔۔۔عرض مصنف۔۔۔

فارسی زبان کسی تعارف کی محتاج نہیں ۔اس میں وسعت اور گہرائی کے ساتھ ساتھ علم ،ادب ،اخلاقیات اور عشق ومحبت کے ایسے لامحدودخزانے موجود ہیں جو شاید ہی دنیا کی کسی اور زبان میں ہوں دنیا کے نامور ترین شعراء اور نثر نگاروں کا تعلق کم وبیش فارسی زبان سے ہے۔ یہ زباں صدیوں تک ہماری مذہبی ،ثقافتی زبان رہی ہے۔اس کی عذوبت اور شرینی کو برصغیر کے شعراء اور ادباء سے لے کر قلندرِ لاہوری علامہ اقبال رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تک سب دانشمندوں نے تسلیم کیا ہے۔علامہ اقبال رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے زیادہ تر اشعار فارسی میں ہیں۔قلندرِ لاہوری کے اردو اشعار میں بھی فارسی اصطلاحات اور ترکیبات کثرت سے استعمال کی گئی ہیں جن سے مستفید ہونے کے لئے فارسی گرائمر سیکھنے کی ضرورت ہے۔فارسی اردو کا سرچشمہ ہے۔فارسی سیکھے بغیر ہم صحیح معنوں میں اردو کا حق بھی ادا نہیں سکتے۔علم ،ادب اور اخلاقیات کی اس دولت سے بہرہ مند ہونے کیلئے ہمیں فارسی کی آج بھی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی کل تھی۔

اس لطیف اور خوبصورت زبان سے ہم اسی صورت میں استفادہ کر سکتے ہیں جب ایک طرف ہم اسے سیکھنے کا عشق اور جذبہ موجود ہو اور دوسری طرف اساتذہ کرام اسے نہایت آسان اور عام فہم طریقہ سے تدریس کریں۔اسی مقصد کے پیش نظر

یوں تو گزشتہ کئی سالوں سے دل میں تمنا تھی کہ میں ایسا مسودہ لکھوں جس سے طلبہ اور اساتذہ مستفید ہوں۔سابقہ دو سالوں میں میرے شیخ کامل استاذ العلماء فضیلۃ الشیخ پاسبان مسلک رضا پیر طریقت رہبر شریعت **صاحبزادہ عبدالرسول اشرفی قادری** اطال اللہ عمرہ کے حکم پر فارسی قاعدہ پڑھانے کا موقع ملا تو بہت سی فارسی کتب جن کا تعلق گرائمر سے ہے پڑھنے کا ذوق رہا۔اکثر میری مادرِ علمی مرکز اہلسنت جامعہ رضائے مصطفیٰ ٹرسٹ بہاولنگر میں قبلہ استاذ گرامی سے ملاقات ہوتی تو بچوں

کی تعلیمی سرگرمیوں کے حوالے سے آگاہی کے دوران قبلہ نے مجھے یہ مسودہ لکھنے کا حکم ارشاد فرمایا تاکہ دوسرے لوگ جو زندگی کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھتے ہیں (بالخصوص فارسی پڑھنے اور پڑھانے والے) اس سے بآسانی مستفید ہوسکیں۔ اس مسودہ کو لکھنے کا مقصد ہے کہ طالب علم فارسی سے اردو اور اردو سے فارسی بنانے میں مہارت تامہ حاصل کرسکے۔ فخر السادات، زینت السادات ،نور السادات پیر طریقت ورہبر شریعت حضرت قبلہ **احمد سعید کاظمی** نور اللہ مرقدہ کے

مرید خاص میرے استاذ گرامی ہمعصرِ مجاہد اہلسنت، جامع المعقول والمنقول، استاذ الاساتذہ، شیخ الحدیث والتفسیر مفتی **محمد ذاکر سعیدی** زید شرفہ اور دیگر اساتذہ کی دعاؤں سے اس مبارک کام کا آغاز کیا۔ امید ہے کہ طلبہ وطالبات اس کتاب کی مدد سے بہتر طور پر علمی اور اخلاقی اقدار کے خزانوں سے مستفید ہوں سکیں گے۔ میں استاذ العلماء زینت المدرسین الحافظ القاری حضرت علامہ مولانا **محمد عمران اشرفی** زیدہ شرفہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں جن کا تعاون مجھے کمپوزنگ میں حاصل ہوا۔

قارئین وسامعین سے درخواست ہے کہ جہاں کہیں بشری کمزوری کی وجہ سے کوئی گنجائش باقی رہ گئی ہو اس کی نشاندہی کرکے راقم کو خبردار کردیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کو درست کیا جاسکے۔

مفتی محمد ابراہیم اویسی

ناظم تعلیمات ومدرس جامعہ اسلامیہ کنز الایمان چک چاویکا بہاولنگر

ابتدائی باتیں

وقت جو موجود ہے وہ حال ہے   گزرا ماضی، آتا استقبال ہے

فعل اپنا نام وہ پا جائے گا　　اس کے اندر جو زمانہ آئے گا

جمع جس میں حال و استقبال ہو　　وہ مضارع ہوتا ہے اے نیک خو

امر کیا ہے؟ چاہنا اک کام کا　　منع کرنا نہی ہے اے باصفا

جو کرے اک کام فاعل اس کو جان　　فعل واقع جس پہ ہو مفعول مان

کلمہ سے جو پیدا تم کرو　　اشتقاق اس کا ہے نام اے نیک خو

صیغے نکلے جس سے مصدر اس کو جان　　اس کے آخر دن ہو یا تن اے جوان

نون کو جب دور مصدر سے کیا　　ماضی مطلق کا صیغہ بن گیا

ماضی مطلق پہ جب آتا ہے است　　بنتی ہے ماضی قریب اے حق پرست

بود جب ماضی پہ آیا اے سعید　　یاد رکھ وہ بن گئی ماضی بعید

آئے جب ماضی پہ باشد اے ہمام　　احتمالی اور شکیہ ہوگا نام

مل کے مے اول ہو ماضی ناتمام　　جو ہے استمراری نزد خاص و عام

ماضی کے آخر میں ے آئے اگر　　ہو تمنائی بلا خوف و خطر

یاد رکھ ان دونوں ماضی کا اثر　　ہو ویں مستعمل بجائے یک دگر

ہے یہ مستقبل بنانے کا طریق　　ماضی پر خواہد لگا دے اے رفیق

پر مضارع کا نہیں اے باوفا　　کوئی مستحکم قیاسی قاعدا

ہاں پتہ آخر کا ہے یہ یاد کر　　دال ساکن اس کے اول ہو زبر

گر بنانا حال چاہے اے اخی　　مے مضارع پر لگا دے یا ہمی

امر حاضر کا سنو اب قاعدا　　حرف آخر دو مضارع سے گرا

بے بھی آجاتی ہے زائد امر پر　　بر بِبر، بِشکن شکن، بگذر گذر

بے کے بدلے امر پر گر میم ہو نہی بن جاتی ہے سن اے نیک خو
اسم فاعل کا بنانا ہو اگر امر پر لفظ نده ایزاد کر!
ہائے ہوز ماضی مطلق پہ لا اسم مفعول اس طرح بن جائے گا
ان ضرور قاعدوں کو یاد کر اور خدا کی یاد سے دل شاد کر ز

اصطلاحات

صیغہ۔ لفظ کو کہتے ہیں۔	فاعل۔ کام کرنے والے کو۔
واحد۔ ایک کو۔	مفعول۔ جس پر فعل واقع ہو۔
جمع۔ ایک سے زیادہ کو	لازم۔ وہ ہے جو فاعل پر پورا ہو جائے جیسے زید گیا
غائب۔ جو سامنے موجود نہ ہو	متعدی۔ وہ ہے جو فاعل اور مفعول دونوں سے مل
حاضر۔ جو سامنے موجود ہو	کر پورا ہو۔ جیسے زید نے بکر کو دیا۔
متکلم۔ بات کرنے والا	معروف۔ وہ ہے جس کا کرنے والا معلوم
زمانہ۔ وقت کو کہتے ہیں۔ زمانہ کی تین قسمیں	ہو۔ جیسے زید نے پالا۔
ہیں۔ ماضی، حال، مستقبل	مجہول۔ وہ ہے جس کا کرنے والا معلوم نہ ہو جیسے
ماضی۔ گزرا ہوا زمانہ	زید پالا گیا۔
حال۔ موجودہ زمانہ	مثبت۔ وہ ہے جس سے ہونا یا کرنا سمجھا جائے
مستقبل۔ آنے والا زمانہ	جیسے کھایا۔ منفی وہ ہے جس سے نہ ہونا یا نہ کرنا
فعل۔ فعل کام کو کہتے ہیں جس سے زمانہ ظاہر ہو۔	سمجھا جائے جیسے نہیں کھایا۔

سبق نمبر 01: مصدر کا بیان

مصدر کی تعریف

مصدر وہ ہے جس سے دوسرے لفظ بنیں۔

مصدر کی علامات

فارسی میں مصدر کے آخر دَن یا تَن ہوگا۔ دَن کی مثال: جیسے آوردن (لانا)، شنیدن (سننا)

تَن کی مثال: جیسے گفتن (کہنا)، خفتن (سونا) وغیرہ

اردو میں مصدر کی علامت

اردو میں مصدر کے آخر (نا) ہوتا ہے۔ جیسے لکھنا، پڑھنا، ہنسنا، سونا، جاگنا وغیرہ

مصدر سے نکلنے والے افعال

مصدر سے جو فعل نکلتے ہیں۔ ان کی چھے قسمیں ہیں۔

01: ماضی **02**: مضارع **03**: حال **04**: مستقبل **05**: امر **06**: نہی

پھر ان سب اقسام میں سے ہر ایک کے چھے، چھے صیغے آتے ہیں۔ واحد غائب، جمع غائب، واحد حاضر، جمع حاضر، واحد متکلم، جمع متکلم۔ ہر صیغے کی علامت نیچے نقشہ سے معلوم کریں۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ علامت کے تمام حروف ساکن ہوتے ہیں۔ خواہ ایک حرف ہو یا دو حروف ہوں۔

صیغوں کی علامت کا نقشہ

صیغہ	علامت	مثال

واحد غائب	ت، د	گفت، شنید
جمع غائب	ند	گفتند، شنیدند
واحد حاضر	ی	گفتی، شنیدی
جمع حاضر	ید	گفتید، شنیدید
واحد متکلم	م	گفتم، شنیدم
جمع متکلم	یم	گفتیم، شنیدیم

سوالات

1: گردن مصدر ہے یا نہیں اگر نہیں تو کیوں حالانکہ آخر میں مصدر کی علامت دَن موجود ہے؟

2: گفت میں تمام صیغوں کی علامتیں ملاؤ؟

جواب:

صیغہ	گفت + علامت	گفت + علامت
واحد غائب	گفت + ت	گفت
جمع غائب	گفت + ند	گفتند
واحد حاضر	گفت + ی	گفتی
جمع حاضر	گفت + ید	گفتید
واحد متکلم	گفت + م	گفتم
جمع متکلم	گفت + یم	گفتیم

3: خوردم کیا صیغہ ہے؟

جواب: خوردم صیغہ واحد متکلم گردان فعل ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر خوردن (کھانا) بمعنی میں نے کھایا۔

4: جمع حاضر کی علامت بتاؤ؟

جواب: جمع حاضر کی علامت صیغہ کے آخر میں ید ساکن ہوگی۔

5: گفت سے جمع متکلم کا صیغہ بناؤ؟

جواب: گفت سے جمع متکلم کا صیغہ گفتیم آتا ہے۔

6: خوردند کیا صیغہ ہے؟

جواب: خوردند صیغہ جمع غائب گردان فعل ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر خوردن (کھانا) بمعنی انہوں نے کھایا۔

7: گوید میں کونسی علامت ہے؟

جواب: گوید میں علامت مضارع پائی جاتی ہے۔ مضارع کا کوئی خاص قاعدہ مقرر نہیں۔ اتنا سمجھ لینا چاہئے کہ صیغہ واحد غائب کے آخر میں دال ساکن اور اس سے پہلے زبر ہوتا ہے۔ ہم نے پہلے بیان کر دیا ہے صیغوں علامات ایک ہوں یا دو وہ ساکن ہوتی ہیں۔ لیکن گوید میں یاء پر زبر ہے۔

سبق نمبر 2: فعل ماضی کا بیان

فعل ماضی کی چھ قسمیں ہیں۔

1: ماضی مطلق 2: ماضی قریب 3: ماضی بعید 4: ماضی استمراری 5: ماضی احتمالی 6: ماضی تمنائی

ماضی مطلق کی تعریف:

ماضی مطلق وہ ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کیا ہوا کام سمجھا جائے اور یہ معلوم نہ ہو کہ اس کام کو ہوئے تھوڑا زمانہ گزرا ہے یا زیادہ

فارسی میں ماضی مطلق بنانے کا طریقہ:

مصدر کے آخر سے ن اور اس سے پہلے زبر کو گرا کر ماضی مطلق بناتے ہیں۔ جیسے پروردن سے پرورد، شنیدن سے شنید، گفتن سے گفت وغیرہ

اردو میں ماضی مطلق بنانے کا طریقہ:

اردو میں مصدر کے آخر سے نا گرا کر دیکھیں اگر اس کے آخر میں الف یا واؤ رہے تو لفظ یاء لگا دیں۔ جیسے کھانا سے کھایا، دھونا سے دھویا وغیرہ۔ اور اگر مصدر کے آخر سے نا گرانے کے بعد الف یا واؤ کے علاوہ کوئی اور حرف ہو تو صرف الف بڑھا دیں۔ جیسے پالنا سے پالا، چلنا سے چلا وغیرہ۔ البتہ جانا کی ماضی گیا آتی ہے۔

گردان ماضی مطلق معروف

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	پرورد	اس نے پالا
جمع غائب	پروردند	انہوں نے پالا
واحد حاضر	پروردی	تو نے پالا
جمع حاضر	پروردید	تم نے پالا
واحد متکلم	پروردم	میں نے پالا

جمع متکلم	پروردیم	ہم نے پالا

سوالات

1: ماضی مطلق کی تعریف کریں؟

جواب: اوپر گزر چکی ہے۔

2: ماضی مطلق بنانے کا قاعدہ بتاؤ؟

جواب: ماضی مطلق کا قاعدہ فارسی واردو میں اوپر گزر چکا ہے۔

3: پروردید کا ترجمہ کرو؟

جواب: پروردید صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر پروردن (پالنا) بمعنی تم نے پالا

4: گفت سے جمع متکلم کا صیغہ بناؤ؟

جواب: گفت سے جمع متکلم کا صیغہ گفتیم آتا ہے۔

5: خوردی کیا صیغہ ہے؟

جواب: خوردی صیغہ واحد حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر خوردن (کھانا) بمعنی تو نے کھایا۔

6: جمع غائب کی علامت بیان کرو؟

جواب: جمع غائب کی علامت ندساکن ہے۔

7: پرورد سے واحد متکلم کا صیغہ کیا ہے؟

جواب: پرورد سے واحد متکلم کا صیغہ پروردم آتا ہے۔

8: جمع حاضر کی پہچان کیا ہے؟

جواب: جمع حاضر کی پہچان ید ساکن ہے۔

گفتن	شنیدن	نوشتن	خواندن	خوردن	نوشیدن
کہنا	سننا	لکھنا	پڑھنا	کھانا	پینا

اردو میں ترجمہ کرو

گفتم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر گفتن (کہنا)	میں نے کہا
شنیدی	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر شنیدن (سننا)	تو نے سنا
خوردند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر خوردن (کھانا)	انہوں نے کھایا
نوشیدید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر نوشیدن (پینا)	تم نے پیا
نوشت	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر نوشتن (لکھنا)	اس نے لکھا
خواندیم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر خواندن (پڑھنا)	ہم نے پڑھا
خوردی	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر خوردن (کھانا)	تو نے کھایا
نوشیدم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر نوشیدن (پینا)	میں نے پیا
گفتند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر گفتن (کہنا)	انہوں نے کہا
شنیدید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر شنیدن (سننا)	تم نے سنا
نوشتیم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر نوشتن (لکھنا)	ہم نے لکھا
خواند	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر خواندن (پڑھنا)	اس نے پڑھا

فارسی بناؤ

اس نے لکھا	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر نوشتن (لکھنا)	نوشت
میں نے پڑھا	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر خواندن (پڑھنا)	خواندم
تم نے کھایا	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر خوردن (کھانا)	خوردید
انہوں نے پیا	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر نوشیدن (پینا)	نوشیدند
ہم نے سنا	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر شنیدن (سننا)	شنیدیم
تو نے پالا	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر پروردن (پالنا)	پروردی
انہوں نے کہا	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر گفتن (کہنا)	گفتند
میں نے لکھا	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر نوشتن (لکھنا)	نوشتم
تم ے پڑھا	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر خواندن (پڑھنا)	خواندید
اس نے پیا	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر نوشیدن (پینا)	نوشید
تو نے کھایا	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر خوردن (کھانا)	خوردی
ہم نے کہا	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر گفتن (کہنا)	گفتیم

سبق نمبر 3: ماضی مجہول کا بیان

ماضی مجہول کی تعریف:

ماضی مجہول وہ ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے لیکن کرنے والا فاعل معلوم نہ ہو۔

فارسی میں ماضی مجہول کے بنانے کا طریقہ

ماضی مطلق معروف کے آخر میں ہ شد بڑھا کر ماضی مطلق مجہول بناتے ہیں۔ جیسے پرورد سے پرورده شد

تنبیہ: مجہول ہمیشہ فعل متعدی سے آتا ہے۔

اردو میں ماضی مجہول بنانے کا طریقہ

اردو میں ماضی مطلق معروف کے آخر میں گیا زیادہ کر کے ماضی مطلق مجہول بناتے ہیں۔ جیسے پالا سے پالا گیا۔

گردان ماضی مطلق مجہول

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	پرورده شد	وہ پالا گیا
جمع غائب	پرورده شدند	وہ پالے گئے
واحد حاضر	پرورده شدی	تو پالا گیا
جمع حاضر	پرورده شدید	تم پالے گئے
واحد متکلم	پرورده شدم	میں پالا گیا
جمع متکلم	پرورده شدیم	ہم پالے گئے

سوالات

1: ماضی معروف اور ماضی مجہول میں کیا فرق ہے؟

جواب: ماضی مطلق معروف وہ ہے جس سے گذرے ہوئے زمانہ میں کیا ہوا کام سمجھا جائے اور معلوم نہ

ہو کہ اس کام کو ہوئے تھوڑا زمانہ گزرا ہے یا زیادہ۔ اور ماضی مطلق مجہول وہ ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔ لیکن کرنے والا فاعل معلوم نہ ہو۔

2: ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ کیا ہے؟

جواب: ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ اوپر گزر چکا ہے۔

3: گفت سے ماضی مجہول کی گردان کرو؟

جواب: گفت سے ماضی مطلق مجہول کی گردان

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	گفتہ شد	وہ کہا گیا
جمع غائب	گفتہ شدند	وہ کہے گئے
واحد حاضر	گفتہ شدی	تو کہا گیا
جمع حاضر	گفتہ شدید	تم کہے گئے
واحد متکلم	گفتہ شدم	میں کہا گیا
جمع متکلم	گفتہ شدیم	ہم کہے گئے

4: نوشتہ شدید کیا صیغہ ہے؟

جواب: صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر نوشتن (لکھنا) بمعنی تم لکھے گئے

5: ہم پالے گئے اس کی فارسی بناؤ؟

جواب: صیغہ جمع متکلم گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر پروردن (پالنا) پرورده شدیم

6: گفتہ شدید کا ترجمہ کرو؟

جواب: صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر گفتن (کہنا) تم کہے گئے

7: میں نے لکھا اسکی فارسی بناؤ؟

جواب: صیغہ واحد متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر نوشتن (لکھنا) نوشتم

8: خوردہ شد کیا صیغہ ہے۔ مع معنی بتاؤ؟

جواب: صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر خوردن (کھانا) وہ کھایا گیا

آراستن	بخشیدن	پسندیدن	نواختن	دادن	ستودن
سنوارنا	بخشنا	پسند کرنا	نوازنا	دینا	تعریف کرنا

اردو میں ترجمہ کرو

آراستہ شدی	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر آراستن (سنوارنا)	تو سنوارا گیا
بخشیدہ شدم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر بخشیدن (بخشنا)	میں بخشا گیا
پسندیدہ شدید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر پسندیدن (پسند کرنا)	تم پسند کیے گئے
نواختہ شدند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر نواختن (نوازنا)	وہ نوازے گئے
ستودہ شد	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر ستودن (تعریف کرنا)	وہ تعریف کیا گیا
دادہ شدیم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر دادن (دینا)	ہم دیئے گئے
پسندیدم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر پسندیدن (پسند کرنا)	میں نے پسند کیا
دادہ شدی	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر دادن (دینا)	تو دیا گیا
نواختند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر نواختن (نوازنا)	انہوں نے نوازا
آراستہ شدیم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر آراستن (سنوارنا)	ہم سنوارے گئے
ستودہ شد	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر ستودن (تعریف کرنا)	وہ تعریف کیا گیا

تم نے بخشا	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر بخشیدن (بخشنا)	بخشید ید

فارسی بناؤ

دادم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر دادن (دینا)	میں نے دیا
پسندیدہ شد	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر پسندیدن (پسند کرنا)	وہ پسند کیا گیا
ستودید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر ستودن (تعریف کرنا)	تم نے تعریف کی
بخشیدہ شدیم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر بخشیدن (بخشنا)	ہم بخشے گئے
آراستی	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر آراستن (سنوارنا)	تو نے سنوارا
نواختہ شدند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر نواختن (نوازنا)	وہ نوازے گئے
نوشتید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر نوشتن (لکھنا)	تم نے لکھا
ستودہ شدند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر ستودن (تعریف کرنا)	وہ تعریف کئے گئے
گفتیم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر گفتن (کہنا)	ہم نے کہا
بخشیدہ شدی	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر بخشیدن (بخشنا)	تو بخشا گیا
پسندید	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر پسندیدن (پسند کرنا)	اس نے پسند کیا
دادہ شدم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر دادن (دینا)	میں دیا گیا

سبق نمبر 4: ماضی منفی کا بیان

فارسی میں ماضی منفی بنانے کا قاعدہ

مثبت کو اگر منفی بنانا ہو تو شروع میں ن بڑھا دیا جائے۔ جیسے پرورد سے نپرورد

اردو میں ماضی منفی بنانے کا قاعدہ

اردو میں مثبت کے پہلے لفظ نہیں یا نہ لگا کر منفی بناتے ہیں۔ جیسے پالا سے نہیں پالا یا نہ پالا۔

گردان ماضی منفی معروف

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	نپرورد	اس نے نہیں پالا
جمع غائب	نپروردند	انہوں نے نہیں پالا
واحد حاضر	نپروردی	تو نے نہیں پالا
جمع حاضر	نپروردید	تم نے نہیں پالا
واحد متکلم	نپروردم	میں نے نہیں پالا
جمع متکلم	نپروردیم	ہم نے نہیں پالا

گردان ماضی منفی مجہول

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	نپرورده شد	وہ نہیں پالا گیا
جمع غائب	نپرورده شدند	وہ نہیں پالے گئے
واحد حاضر	نپرورده شدی	تو نہیں پالا گیا
جمع حاضر	نپرورده شدید	تم نہیں پالے گئے
واحد متکلم	نپرورده شدم	میں نہیں پالا گیا
جمع متکلم	نپرورده شدیم	ہم نہیں پالے گئے

سوالات

1: منفی کی تعریف کرو؟

جواب: منفی وہ ہے جس سے نہ ہونا یا نہ کرنا سمجھا جائے۔ جیسے نہیں کھایا۔

2: منفی بنانے کا قاعدہ بیان کرو؟

جواب: منفی بنانے کا قاعدہ اوپر مذکور ہے۔

3: نہ دادہ شدم کیا صیغہ ہے۔ مع معنی بتاؤ؟

جواب: صیغہ واحد متکلم گردان ماضی منفی مجہول از مصدر دادن (دینا) میں نہیں دیا گیا۔

4: تم پسند نہیں کیئے گئے اس کی فارسی بناؤ؟

جواب: صیغہ جمع حاضر گردان ماضی منفی مجہول از مصدر پسندیدن (پسند کرنا) نہ پسندیدہ شدید

5: نہ شنیدیم کیا صیغہ ہے؟

جواب: صیغہ جمع متکلم گردان ماضی منفی معروف از مصدر شنیدن (سننا) بمعنی ہم نے نہیں سنا

6: مثبت اور منفی میں کیا فرق ہے؟

جواب: مثبت وہ ہے جس سے ہونا یا کرنا سمجھا جائے۔ جیسے کھایا، منفی وہ ہے جس سے نہ ہونا یا نہ کرنا سمجھا جائے جیسے نہیں کھایا۔

7: پسندید سے ماضی منفی مجہول کی گردان کرو؟

جواب: پسندید سے ماضی منفی مجہول کی گردان

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	نہ پسندیدہ شد	وہ نہیں پسند کیا گیا

جمع غائب	نہ پسندیدہ شدند	وہ نہیں پسند کیئے گیئے
واحد حاضر	نہ پسندیدہ شدی	تو نہیں پسند کیا گیا
جمع حاضر	نہ پسندیدہ شدید	تم نہیں پسند کیئے گیئے
واحد متکلم	نہ پسندیدہ شدم	میں نہیں پسند کیا گیا
جمع متکلم	نہ پسندیدہ شدیم	ہم نہیں پسند کیئے گیئے

8: گفت سے ماضی منفی معروف کی گردان سناؤ؟

جواب: گفت سے ماضی منفی معروف کی گردان

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	نہ گفت	اس نے نہیں کہا
جمع غائب	نہ گفتند	انہوں نے نہیں کہا
واحد حاضر	نہ گفتی	تو نے نہیں کہا
جمع حاضر	نہ گفتید	تم نے نہیں کہا
واحد متکلم	نہ گفتم	میں نے نہیں کہا
جمع متکلم	نہ گفتیم	ہم نے نہیں کہا

مصادر مع معنی

آوردن	آمرزیدن	برداشتن	باریدن	پاشیدن	پیوستن
لانا	بخشنا	اٹھانا	برسنا	چھڑکنا	ملانا

اردو میں ترجمہ کریں

آوردہ شدند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر آوردن (لانا)	وہ لائے گئے
آمرزیدہ شدید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر آمرزیدن (بخشنا)	تم بخشے گئے
نپاشیدہ شد	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق منفی مجہول از مصدر پاشیدن (چھڑکنا)	وہ نہیں چھڑکا گیا
پیوستیم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر پیوستن (لانا)	ہم نے ملایا
نبارید	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق منفی معروف از مصدر باریدن (برسنا)	وہ نہیں برسا
برداشتہ شدی	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر برداشتن (اٹھانا)	تو اٹھایا گیا
نشنید	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق منفی معروف از مصدر شنیدن (سننا)	اس نے نہیں سنا
آوردہ شد	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر آوردن (لانا)	وہ لایا گیا
نستودہ شدم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی مطلق منفی مجہول از مصدر ستودن (تعریف کرنا)	میں نہیں تعریف کیا گیا
برداشتند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر برداشتن (اٹھانا)	انہوں نے اٹھایا
نگفتی	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی مطلق منفی معروف از مصدر گفتن (کہنا)	تو نے نہیں کہا
دادہ شدید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر دادن (دینا)	تم دیئے گئے

فارسی بناؤ

میں نے نہیں چھڑکا	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی مطلق منفی معروف از مصدر پاشیدن (چھڑکنا)	نپاشیدم
انہوں نے ملایا	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر پیوستن (ملانا)	پیوستند
تم اٹھائے گئے	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق مثبت مجہول از مصدر برداشتن (اٹھانا)	برداشتہ شدید
وہ نہیں دیا گیا	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق منفی معروف از مصدر دادن (دینا)	نہ دادہ شد
ہم لائے	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر آوردن (لانا)	آوردیم

نوشیدند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق منفی معروف از مصدر نوشیدن (پینا)	انہوں نے نہیں پیا
بخشیدی	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر بخشیدن (بخشنا)	تو نے بخشا
گفتیم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر گفتن (کہنا)	ہم نے کہا
شنید	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر شنیدن (سننا)	اس نے سنا
نخوردید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی مطلق منفی معروف از مصدر خوردن (کھانا)	تم نے نہیں کھایا
ستودم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی مطلق مثبت معروف از مصدر ستودن (تعریف کرنا)	میں نے تعریف کی
نہ پسندیدہ شدند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق منفی مجہول از مصدر پسندیدن (پسند کرنا)	وہ نہیں پسند کیئے گیئے

سبق نمبر 5: ماضی قریب کا بیان

ماضی قریب کی تعریف:

ماضی قریب وہ ہے جس سے قریب کے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔

فارسی میں ماضی قریب کے بنانے کا طریقہ

ماضی مطلق کے آخر میں ہ است زیادہ کر کے ماضی قریب بناتے ہیں جیسے پرورد سے پرورده است

اردو میں ماضی قریب کے بنانے کا طریقہ

اردو میں ماضی مطلق کے آخر میں ہے زیادہ کر کے ماضی قریب بناتے ہیں۔ جیسے پالا سے پالا ہے

گردان ماضی قریب معروف

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	پرورده است	اس نے پالا ہے

جمع غائب	پرورده اند	انہوں نے پالا ہے
واحد حاضر	پرورده ای	تونے پالا ہے
جمع حاضر	پرورده اید	تم نے پالا ہے
واحد متکلم	پرورده ام	میں نے پالا ہے
جمع متکلم	پرورده ایم	ہم نے پالا ہے

گردان ماضی قریب مجہول

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	پرورده شده است	وہ پالا گیا ہے
جمع غائب	پرورده شده اند	وہ پالے گئے ہیں
واحد حاضر	پرورده شده ای	تو پالا گیا ہے
جمع حاضر	پرورده شده اید	تم پالے گئے ہو
واحد متکلم	پرورده شده ام	میں پالا گیا ہو
جمع متکلم	پرورده شده ایم	ہم پالے گئے ہیں

سوالات

1: ماضی مطلق اور ماضی قریب میں کیا فرق ہے؟

جواب: ماضی مطلق وہ ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کیا ہوا کام سمجھا جائے۔ اور یہ معلوم نہ ہو کہ اس کام کو ہوئے تھوڑا زمانہ گزرا ہے یا زیادہ۔ اور ماضی قریب وہ ہے جس سے قریب کے گزرے ہوئے

زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔

2: ماضی قریب بنانے کا کیا قاعدہ ہے؟

جواب: ماضی قریب بنانے کا قاعدہ اوپر گزر چکا ہے۔

3: آوردہ شدہ ای کیا صیغہ ہے؟

جواب: آوردہ شدہ ای صیغہ واحد حاضر گردان ماضی قریب مجہول از مصدر آوردن (لانا) بمعنی تو لایا گیا ہے۔

04: میں نے کہا ہے اسکی فارسی بناؤ؟

جواب: صیغہ واحد متکلم گردان ماضی قریب معروف از مصدر گفتن (کہنا) گفتہ ام

5: آمرزیدہ شدہ اند کا ترجمہ کرو؟

جواب: صیغہ جمع غائب گردان ماضی قریب مجہول از مصدر آمرزیدن (بخشنا) وہ بخشے گئے ہیں

6: وہ نوازے گئے ہیں اس کی فارسی بناؤ؟

صیغہ جمع غائب گردان ماضی قریب مجہول از مصدر نواختن (نوازنا) نواختہ شدہ اند

7: خواندہ اید کیا صیغہ ہے۔مع معنی بتاؤ؟

صیغہ جمع حاضر گردان ماضی قریب معروف از مصدر خواندن (پڑھنا) تم نے پڑھا ہے

8: ہم نے نہیں سنا ہے اس کی فارسی بناؤ؟

جواب: صیغہ جمع متکلم گردان ماضی منفی قریب معروف از مصدر شنیدن (سننا) نہ شنیدہ ایم

چشیدن	خفتن	رسیدن	شناختن	فرستادن	گریختن
چکھنا	سننا	پہنچنا	پہچانا	بھیجنا	بھاگنا

اردو میں ترجمہ کرو

گریختہ اند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی قریب معروف از مصدر گریختن (بھاگنا)	وہ بھاگے تھے
فرستادہ شدہ اید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی قریب مجہول از مصدر فرستادن (بھیجنا)	تم بھیجے گئے ہو
نخفتہ ام	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی منفی قریب معروف از مصدر خفتن (سونا)	میں نہیں سویا ہوں
چشیدہ ایم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی قریب معروف از مصدر چشیدن (چکھنا)	ہم نے چکھا ہے
نرسیدہ ای	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی منفی قریب معروف از مصدر رسیدن (پہنچنا)	تو نہیں پہنچا ہے
نشناختہ شد	صیغہ واحد غائب گردان ماضی منفی مطلق مجہول از مصدر شناختن (پہچاننا)	وہ نہیں پہچانا گیا
آراستہ ام	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی قریب معروف از مصدر آراستن (سنوارنا)	میں نے سنوارا ہے
نہ پسندیدہ ای	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی منفی قریب معروف از مصدر پسندیدن (پسند کرنا)	تو نے نہیں پسند کیا ہے
بخشیدہ شدہ اند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی قریب مجہول از مصدر بخشیدن (بخشنا)	وہ بخشے گئے ہیں
نہ دادہ ایم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی منفی قریب معروف از مصدر دادن (دینا)	ہم نے نہیں دیا ہے
گفتہ اید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی قریب معروف از مصدر گفتن (کہنا)	تم نے کہا ہے
نشنیدہ است	صیغہ واحد غائب گردان ماضی منفی قریب معروف از مصدر شنیدن (سننا)	اس نے نہیں سنا ہے

فارسی بناؤ

تم نے پہچانا ہے	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی قریب معروف از مصدر شناختن (پہچاننا)	شناختہ اید
میں نے نہیں بھیجا	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی منفی مطلق معروف از مصدر فرستادن (بھیجنا)	نہ فرستادم
اس نے چکھا ہے	صیغہ واحد غائب گردان ماضی قریب معروف از مصدر چشیدن (چکھنا)	چشیدہ است
تو نہیں نوازا گیا	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی منفی مجہول از مصدر نواختن (نوازنا)	نہ نواختہ شدی

ستودہ ایم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی قریب معروف از مصدر ستودن (تعریف کرنا)	ہم نے تعریف کی ہے
شنیدند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی مطلق معروف از مصدر شنیدن (سننا)	انہوں نے سنا
نہ دادہ ای	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی منفی قریب معروف از مصدر دادن (دینا)	تو نے نہیں دیا ہے
شناختہ شدہ اند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی قریب مجہول از مصدر شناختن (پہچاننا)	وہ پہچانے گئے ہیں
خفتہ ام	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی قریب معروف از مصدر خفتن (سونا)	میں سویا ہوں
دادہ شدہ اید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی قریب مجہول از مصدر دادن (دینا)	تم دیئے گئے ہو
رسیدہ است	صیغہ واحد غائب گردان ماضی قریب معروف از مصدر رسیدن (پہنچنا)	وہ پہنچا ہے
فرستادہ شدیم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی مطلق مجہول از مصدر فرستادن (بھیجنا)	ہم بھیجے گئے

سبق نمبر 6: ماضی بعید کا بیان

ماضی بعید کی تعریف:

ماضی بعید وہ ہے جس سے دور کے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔

فارسی میں ماضی بعید بنانے کا طریقہ:

ماضی مطلق کے آخر میں ہ بود بڑھا کر ماضی بعید بناتے ہیں۔ جیسے پرورد سے پرورده بود

اردو میں ماضی بعید بنانے کا طریقہ:

اردو میں ماضی مطلق کے آخر میں تھا زیادہ کر کے ماضی بعید بناتے ہیں۔ جیسے پالا سے پالا تھا

گردان ماضی بعید معروف

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	پرورده بود	اس نے پالا تھا
جمع غائب	پرورده بودند	انہوں نے پالا تھا
واحد حاضر	پرورده بودی	تو نے پالا تھا
جمع حاضر	پرورده بودید	تم نے پالا تھا
واحد متکلم	پرورده بودم	میں نے پالا تھا
جمع متکلم	پرورده بودیم	ہم نے پالا تھا

گردان ماضی بعید مجہول

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	پرورده شده بود	وہ پالا گیا تھا
جمع غائب	پرورده شده بودند	وہ پالے گئے تھے
واحد حاضر	پرورده شده بودی	تو پالا گیا تھا
جمع حاضر	پرورده شده بودید	تم پالے گئے تھے
واحد متکلم	پرورده شده بودم	میں پالا گیا تھا
جمع متکلم	پرورده شده بودیم	ہم پالے گئے تھے

سوالات

1: ماضی بعید کی تعریف کرو؟

جواب: ماضی بعید کی تعریف اوپر گزر چکی ہے۔

2: ماضی بعید کیسے بنائی جاتی ہے؟

جواب: ماضی بعید بنانے کا طریقہ اوپر چکا ہے۔

3: گفتہ بودم کیا صیغہ ہے مع معنی بتاؤ؟

جواب: صیغہ واحد متکلم گردان ماضی بعید معروف از مصدر گفتن (کہنا) بمعنی میں نے کہا تھا۔

4: میں نوازا گیا تھا اس کی فارسی بناؤ؟

جواب:

صیغہ واحد متکلم گردان ماضی بعید مجہول از مصدر نواختن (نوازنا) نواختہ شدہ بودم

5: ستودہ شدہ بودید کیا صیغہ ہے؟

جواب: ستودہ شدہ بودید صیغہ جمع حاضر گردان ماضی بعید مجہول از مصدر ستودن (تعریف کرنا) تم تعریف کئے گئے تھے۔

6: نرسیدہ بودی کا ترجمہ کرو؟

جواب: صیغہ واحد حاضر گردان ماضی منفی بعید معروف از مصدر رسیدن (پہنچنا) تو نہیں پہنچا تھا۔

7: تم نہیں بھاگتے تھے اس کی فارسی بناؤ؟

جواب: صیغہ جمع حاضر گردان ماضی منفی استمراری معروف از مصدر گریختن (بھاگنا) نمی گریختید۔

8: آوردہ شدہ بودند کیا صیغہ ہے۔ مع معنی بتاؤ؟

جواب: صیغہ جمع غائب گردان ماضی بعید مجہول از مصدر آوردن (لانا) وہ لائے گئے تھے۔

اندوختن	پرسیدن	خندیدن	درخشیدن	سپردن	فہمیدن
جمع کرنا	پوچھنا	ہنسنا	چمکنا	سونپنا	سمجھنا

اردو میں ترجمہ کرو

خندیدہ بودی	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی بعید معروف از مصدر خندیدن (ہنسنا)	تو ہنسا تھا
سپردہ شدہ بودم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی بعید مجہول از مصدر سپردن (سونپنا)	میں سونپا گیا تھا
نہ فہمیدہ اند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی منفی قریب معروف از مصدر فہمیدن (سمجھنا	وہ نہیں سمجھے ہیں
پرسیدہ شدہ بودید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی بعید مجہول از مصدر پرسیدن (پوچھنا)	تم پوچھے گئے تھے
درخشیدہ ای	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی قریب معروف از مصدر درخشیدن (چمکنا)	تو چمکا ہے
اندوختہ بودم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی بعید معروف از مصدر اندوختن (جمع کرنا)	میں نے جمع کیا تھا
فہمیدہ شد	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق مجہول از مصدر فہمیدن (سمجھنا)	وہ سمجھا گیا
سپردہ شدہ بودید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی بعید مجہول از مصدر سپردن (سونپنا)	تم سونپے گئے تھے
درخشیدہ اند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی قریب معروف از مصدر درخشیدن (چمکنا)	وہ چمکے ہیں
نہ خندیدہ بودم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی منفی بعید معروف از مصدر خندیدن (ہنسنا)	میں نہیں ہنسا تھا
اندوختہ بودیم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی بعید معروف از مصدر اندوختن (جمع کرنا)	ہم نے جمع کیا تھا
پرسیدہ شدہ بودی	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی بعید مجہول از مصدر پرسیدن (پوچھنا)	تو پوچھا گیا تھا

فارسی بناؤ

میں نے پہچانا تھا	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی بعید معروف از مصدر شناختن (پہچاننا)	شناختہ بودم
وہ نہیں سمجھتے تھے	صیغہ جمع غائب گردان ماضی منفی استمراری معروف از مصدر فہمیدن (سمجھنا)	نہ فہمیدہ اند
ہم نے نہیں بھیجا تھا	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی منفی بعید معروف از مصدر فرستادن (بھیجنا)	نہ فرستادہ بودیم
تم نے جمع کیا ہے	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی قریب معروف از مصدر اندوختن (جمع کرنا)	اندوختہ اید
وہ چمکا	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق معروف از مصدر درخشیدن (چمکنا)	درخشید

تونہیں بھاگا	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی منفی مطلق معروف از مصدر گریختن (بھاگنا)	نہ گریختی
تم نے سونپا تھا	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی بعید معروف از مصدر سپردن (سونپنا)	سپردہ بودید
انہوں نے تعریف کی تھی	صیغہ جمع غائب گردان ماضی بعید معروف از مصدر ستودن (تعریف کرنا)	ستودہ بودند
میں نے نہیں پسند کیا	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی منفی مطلق معروف از مصدر پسندیدن (پسند کرنا)	نہ پسندیدم
تو نے نوازا ہے	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی قریب معروف از مصدر نواختن (نوازنا)	نواختہ ای
ہم نے لکھا تھا	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی بعید معروف از مصدر نوشتن (لکھنا)	نوشتہ بودیم
وہ نہیں دیا گیا	صیغہ واحد غائب گردان ماضی مطلق مجہول از مصدر دادن (دینا)	نہ دادہ شد

سبق نمبر 7: ماضی استمراری کا بیان

ماضی استمراری کی تعریف:

ماضی استمراری وہ ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا پورا نہ ہونا سمجھا جائے۔ اسی لئے اس کو ماضی ناتمام بھی کہتے ہیں۔

فارسی میں ماضی استمراری بنانے کا طریقہ:

ماضی مطلق کے پہلے مے یا ہمے زیادہ کر کے ماضی استمراری بناتے ہیں جیسے پرورد سے مے پرورد

اردو میں ماضی استمراری بنانے کا طریقہ:

اردو میں مصدر کے آخر سے نا دور کر کے تا تھا لگا کر ماضی استمراری بناتے ہیں۔ جیسے پالنا سے پالتا تھا

گردان ماضی استمراری معروف

صیغہ	فارسی	اردو

واحد غائب	مے پرورد	وہ پالتا تھا
جمع غائب	مے پروردند	وہ پالتے تھے
واحد حاضر	مے پروردی	تو پالتا تھا
جمع حاضر	مے پروردید	تم پالتے تھے
واحد متکلم	مے پروردم	میں پالتا تھا
جمع متکلم	مے پروردیم	ہم پالتے تھے

گردان ماضی استمراری مجہول

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	پرورده مے شد	وہ پالا جاتا تھا
جمع غائب	پرورده مے شدند	وہ پالے جاتے تھے
واحد حاضر	پرورده مے شدی	تو پالا جاتا تھا
جمع حاضر	پرورده مے شدید	تم پالے جاتے تھے
واحد متکلم	پرورده مے شدم	میں پالا جاتا تھا
جمع متکلم	پرورده مے شدیم	ہم پالے جاتے تھے

سوالات

1: ماضی استمراری مجہول میں لفظ مے یا ہمے کہاں داخل کرتے ہیں؟

جواب: ماضی استمراری مجہول میں لفظ مے یا ہمے شد سے پہلے داخل کرتے ہیں۔

2: ماضی استمراری مجہول کی گردان بغیر معنی سناؤ؟

جواب: ماضی استمراری مجہول کی گردان

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	پرورده مے شد	وہ پالا جاتا تھا
جمع غائب	پرورده مے شدند	وہ پالے جاتے تھے
واحد حاضر	پرورده مے شدی	تو پالا جاتا تھا
جمع حاضر	پرورده مے شدید	تم پالے جاتے تھے
واحد متکلم	پرورده مے شدم	میں پالا جاتا تھا
جمع متکلم	پرورده مے شدیم	ہم پالے جاتے تھے

3: ماضی استمراری اور ماضی بعید میں کیا فرق ہے؟

جواب:

ماضی استمراری وہ ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا پورا نہ ہونا سمجھا جائے۔

اور ماضی بعید وہ ہے جس سے دور کے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے۔

4: ماضی استمراری بنانے کا قاعدہ بتاؤ؟

جواب: ماضی استمراری بنانے کا قاعدہ اوپر گزر چکا ہے۔

5: مے خفتی کیا صیغہ ہے۔ معنی بتاؤ؟

جواب: صیغہ واحد حاضر گردان ماضی استمراری معروف از مصدر خفتن (سونا) تو سوتا تھا۔

6: ہم پہچانتے تھے اس کی فارسی بناؤ؟

جواب: صیغہ جمع متکلم گردان ماضی استمراری معروف از مصدر شناختن (پہچاننا) مے شناختیم

7: شناخت سے ماضی استمراری معروف کی گردان کرو؟

جواب: شناخت سے ماضی استمراری معروف کی گردان

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	مے شناخت	وہ پہچانتا تھا
جمع غائب	مے شناختند	وہ پہچانتے تھے
واحد حاضر	مے شناختی	تو پہچانتا تھا
جمع حاضر	مے شناختید	تم پہچانتے تھے
واحد متکلم	مے شناختم	میں پہچانتا تھا
جمع متکلم	مے شناختیم	ہم پہچانتے تھے

8: آمرزیدہ مے شدید کا ترجمہ کرو؟

جواب: صیغہ جمع حاضر گردان ماضی استمراری مجہول از مصدر آمرزیدن (بخشنا) تم بخشے جاتے تھے۔

استادن	نشستن	آمدن	رفتن	پوئیدن	جستن
کھڑا ہونا	بیٹھنا	آنا	جانا	دوڑنا	کودنا

اردو میں ترجمہ کرو

مے جستی	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی استمراری معروف از مصدر جستن (ڈھونڈنا)	تو ڈھونڈتا تھا
پوئیدہ بودند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی بعید معروف از مصدر پوئیدن (دوڑنا)	وہ دوڑے تھے
مے رفتم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی استمراری معروف از مصدر رفتن (جانا)	میں جاتا تھا

نمے آمدید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی منفی استمراری معروف از مصدر آمدن (آنا)	تم نہیں آتے تھے
مے نشست	صیغہ واحد غائب گردان ماضی استمراری معروف از مصدر نشستن (بیٹھنا)	وہ بیٹھتا تھا
استادہ بودیم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی بعید معروف از مصدر استادن (کھڑا ہونا)	ہم کھڑے ہوئے تھے
پرسیدہ مے شدید	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی استمراری مجہول از مصدر پرسیدن (پوچھنا)	تم پوچھے جاتے تھے
آوردہ نمی شدند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی منفی استمراری مجہول از مصدر آوردن (لانا)	وہ نہیں لائے جاتے تھے
آمرزیدہ شدہ ای	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی قریب مجہول از مصدر آمرزیدن (بخشنا)	تو بخشا گیا ہے
نمی خندیدم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی منفی استمراری معروف از مصدر خندیدن (ہنسنا)	میں نہیں ہنستا تھا
مے پاشید	صیغہ واحد غائب گردان ماضی استمراری معروف از مصدر پاشیدن (چھڑکنا)	وہ چھڑکتا تھا
شناختہ نمی شدم	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی منفی استمراری مجہول از مصدر شناختن (پہچاننا)	میں نہیں پہچانا جاتا تھا

فارسی بناؤ

ہم آئے تھے	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی بعید معروف از مصدر آمدن (آنا)	آمدہ بودیم
وہ بیٹھے تھے	صیغہ جمع غائب گردان ماضی بعید معروف از مصدر نشستن (بیٹھنا)	نشستہ بودند
تم دوڑتے تھے	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی استمراری معروف از مصدر پوئیدن (دوڑنا)	می پوئیدید
وہ نہیں کودتا تھا	صیغہ واحد غائب گردان ماضی منفی استمراری معروف از مصدر جستن (کودنا)	نمی جست
تو نہیں پہچانا جاتا تھا	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی منفی استمراری مجہول از مصدر شناختن (پہچاننا)	شناختہ نمی شدی
میں پہنچا تھا	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی بعید معروف از مصدر رسیدن (پہنچنا)	رسیدہ بودم
اس نے چھڑکا ہے	صیغہ واحد غائب گردان ماضی قریب معروف از مصدر پاشیدن (چھڑکنا)	پاشیدہ است
تم نے اٹھایا تھا	صیغہ جمع حاضر گردان ماضی بعید معروف از مصدر برداشتن (اٹھانا)	برداشتہ بودید
میں ملاتا تھا	صیغہ واحد متکلم گردان ماضی استمراری معروف از مصدر پوستن (ملانا)	می پوستم
تو نہیں لایا تھا	صیغہ واحد حاضر گردان ماضی منفی بعید معروف از مصدر آوردن (لانا)	نہ آوردہ بودی

می خواندیم	صیغہ جمع متکلم گردان ماضی استمراری معروف از مصدر خواندن (پڑھنا)	ہم پڑھتے تھے
نمی نوشتند	صیغہ جمع غائب گردان ماضی منفی استمراری معروف از مصدر نوشتن (لکھنا)	وہ نہیں لکھتے تھے

سبق نمبر 8: ماضی احتمالی کا بیان

ماضی احتمالی کی تعریف:

ماضی احتمالی وہ ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کئے ہوئے کام کے اندر شک سمجھا جائے۔اسی لئے اس کو ماضی شکی بھی کہتے ہیں۔

فارسی میں ماضی احتمالی بنانے کا طریقہ:

ماضی مطلق کے آگے (ہ باشد) بڑھا کر ماضی احتمالی بناتے ہیں جیسے پرورد سے پرورده باشد

اردو میں ماضی احتمالی بنانے کا طریقہ:

اردو میں ماضی مطلق کے آخر ہوگا زیادہ کر کے ماضی احتمالی بناتے ہیں جیسے پالا سے پالا ہوگا

گردان ماضی احتمالی معروف

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	پرورده باشد	اس نے پالا ہوگا
جمع غائب	پرورده باشند	انہوں نے پالا ہوگا
واحد حاضر	پرورده باشی	تو نے پالا ہوگا
جمع حاضر	پرورده باشید	تم نے پالا ہوگا

واحد متکلم	پرورده باشم	میں نے پالا ہوگا
جمع متکلم	پرورده باشیم	ہم نے پالا ہوگا

گردان ماضی احتمالی مجہول

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	پرورده شده باشد	وہ پالا گیا ہوگا
جمع غائب	پرورده شده باشند	وہ پالے گئے ہوگے
واحد حاضر	پرورده شده باشی	تو پالا گیا ہوگا
جمع حاضر	پرورده شده باشید	تم پالے گئے ہوگے
واحد متکلم	پرورده شده باشم	میں پالا گیا ہوگا
جمع متکلم	پرورده شده باشیم	ہم پالے گئے ہوگے

سوالات

1: ماضی احتمالی کی تعریف کرو؟

جواب: ماضی احتمالی کی تعریف اوپر گزر چکی ہے۔

2: نشست سے ماضی احتمالی مجہول کی گردان کرو؟

جواب: ماضی احتمالی مجہول کی گردان

صیغہ	فارسی	اردو
واحد غائب	نشستہ شده باشد	وہ بٹھایا گیا ہوگا

جمع غائب	نشستہ شدہ باشند	وہ بٹھائے گئے ہوگے
واحد حاضر	نشستہ شدہ باشی	تو بٹھایا گیا ہوگا
جمع حاضر	نشستہ شدہ باشید	تم بٹھائے گئے ہوگے
واحد متکلم	نشستہ شدہ باشم	میں بٹھایا گیا ہوگا
جمع متکلم	نشستہ شدہ باشیم	ہم بٹھائے گئے ہوگے

